DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 07.08.2025

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | وڑنری پالیسیوں کے ذریعے ملکی معیشت بہتر کی جاسکتی ہے۔ گورنر | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | مستونگ فتنۃ الہندوستان کا حملہ میجر سمیت تین جوان شہید کلیئرنس آپریشن میں چار دہشتگرد ہلاک، میر سرفراز بگٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | بلوچستان میں سرکاری ملازمت کیلئے عمر کی بالائی حد 43 سال مقرر | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | کوئٹہ تجاوزات کیخلاف آپریشن 30 افراد گرفتار، 19 جیل منتقل | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | پاک ایران تجارتی معاہدوں سے بلوچستان کو فائدہ پہنچے گا، بلال کاکڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | کوئٹہ بی ایف اے کی کارروائی جعلی مکھن بنانے والا کارخانہ سیل | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | سیکورٹی خدشارت، کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں انٹرنیٹ ڈیٹا سروس معطل | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | ڈی سی قلات نے محکمہ تعلیم، صحت، زراعت ودیگر ضلعی دفاتر کا دورہ کیا | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکیج میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، کمشنر | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | محکمہ صحت کے ملازمین کیلئے موبائل ایپ پر حاضری لگان لازمی قرار | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | قلات ماسک یا نقاب پوش افراد کو گرفتار کرکے کارروائی کی جائے گی، ایس پی | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | یوم آزادی کے موقع پر ہمیں خود احتسابی کرنے کی ضرورت ہے، ڈاکٹر روبینہ مشتاق | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | تحقیق کی نئی راہیں کھول کر بلوچستان کی پسماندگی دور کی جاسکتی ہے، ماہرین تعلیم | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | سیلاب متاثرین کیلئے پانچ ہزار مکانات کی تعمیر خوش آئند ہے، جمال شاہ کاکڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | مسائل کا حل مذاکرات آپریشن ملک وقوم کے مفاد میں نہیں، جمعیت ن | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | حقوق بلوچستان مارچ میں کارکنوں نے بہت قربانیاں دیں، ہدایت الرحمان | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | غیر آئینی اقدامات کے ذریعے عوامی وسائل وزمینوں پر قبضہ کیا جارہا ہے، پشتونخوامیپ | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | بذریعہ سڑک زیارتوں پر پابندی مسترد آج 90 بسوں پر مشتمل قافلہ ایران روانہ ہوگا، ایم ڈبلیو ایم کا اعلان | جنگ ودیگراخبارات |
| 19 | بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے صوبائی حکومت ہمارا ساتھ دے، مولانا ہدایت الرحمٰن | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

مستونگ فتنۃ الہندوستان کا حملہ میجر سمیت تین جوان شہید کلیئرنس آپریشن میں چار دہشتگرد ہلاک،، خضدار پولیس کی کارروائی، گاڑی سے 10 کلو آئس برآمد ملزم گرفتار، شہریوں سے کسٹم کے نام پر رقم بٹورنے والا جعلی افسر گرفتار

## عوامی مسائل:

جیل روڈ، رحیم کالونی میں قلت آب کا مسئلہ سنگین علاقہ مکین بوند بوند کو ترسنے لگے، ہزار گنجی کمرشل زون بجلی کی لوڈشیڈنگ سے کاروبار متاثر تاجر و مکین پریشان، پنجگور بنیادی سہولیات کا فقدان امن وامان کی بگڑتی صورتحال،

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 07.08.2025

**اداریہ:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں یوم استحصال کشمیر کی مناسبت سے ریلیاں**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وفاقی وزراء نے یوم استحصال کشمیر کے موقع سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کا دن کشمیری عوام کیلئے ایک سیاہ دن ہے جن بھارت نے غیر قانونی طور پر مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت کو ختم کیا اور اپنے جابرانہ قبضے کو مزید مستحکم کرنے کی کوشش کی انہوں نے کہا کہ یہ اقدام نہ صرف اقوام متحدہ کو قراردادوں کی صریح خلاف ورزی ہے بلکہ کشمیری عوام کے بنیادی انسانی حقوق پر کھلا حملہ ہے بھارت جانب سے وادی میں جاری ظلم، ماروائے عدالت گرفتاریاں، اظہار رائے کی آزادی پر پابندیاں، ذرائع ابلاغ کی بندش اور آبادی کے تناسب کو بدلنے کی سازشیں عالمی ضمیر کیلئے لمحہ فکریہ ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان کے عوام، خاص طور پر بلوچستان کے غیور باسی کشمیری بھائیوں کی جدوجہد آزادی میں ان کے ساتھ کھڑے ہیں کشمیری عوام نے بے مثال قربانیوں دے کر یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ اپنی شناخت، آزادی اور خودارادیت کی آواز بلند کرتی رہے گی وزیر اعلیٰ نے عالمی اداروں، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گی اور دنیا کے ہر فورم ہر ان کے حق خودارادیت کی آواز بلند کرتی رہے گی۔ پاکستان مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت ہمیشہ جاری رکھے گا عطاللہ تاڑر نے کہا کہ کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قرار دادوں کے مطابق حق خودارادیت ملنا چاہیئے انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت ہمیشہ جاری رکھے گا، بھارتی حکومت بری طرح بے نقاب ہو چکی ہے، مقبوضہ کشمیر کے نہتے عوام پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑے جا رہے ہیں اور بھارت وہاں ناجائز قبضہ برقرار رکھے ہوئے ہے، انہوں نے کہا کہ پوری دنیا نے مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں دیکھی ہیں اور بھارت کا اصل چہرہ عالمی برادری کے سامنے آ چکا ہے۔

**اداریہ:**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Encouraging Youth" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 07 AUG 2025 Page No. 1


## پاک سعودی تعلقات خطے میں دیرپا امن کیلئے ضروری

# وژنری پالیسیوں کے ذریعے ملکی معیشت بہتر کی جاسکتی ہے، گورنر

### سعودی عرب نے ہر مشکل گھڑی میں پاکستان سے تعاون کیا، اپنے تاجروں کو پڑوسی ممالک کی منڈیوں تک رسائی دیں، سعودی سفیر اور تاجروں کے وفد سے گفتگو

اسلام آباد (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں پاکستان میں تعینات سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی نے ملاقات کی، ملاقات کے دوران دونوں برادر اسلامی ممالک پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان خوشگوار تعلقات اور خطے میں رونما ہونے والی معاشی و سیاسی تبدیلیوں سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان قریبی دوستی اور خوشگوار تعلقات پورے خطے میں دیرپا امن پر مثبت اثر ڈالتے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ ہر مشکل گھڑی میں سعودی عرب کا پاکستان سے خصوصی تعاون رہا ہے، انہوں نے کہا کہ ہم نے کوئٹہ کے انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے کچھ عرصہ پہلے براہ راست عمرہ پروازوں کا باقاعدہ افتتاح کیا جس کے نتیجے میں حجاج کرام اور عمرہ کی سعادت حاصل کرنے والوں کو ہوائی سفر کے دوران آسانیاں پیدا ہوگئیں، سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی نے کوئٹہ سے ڈائریکٹ سعودی عرب جانے کی سہولت فراہم کرنے پر گورنر جعفر خان مندوخیل کی ذاتی کوششوں کو سراہا اور انہیں سعودی عرب کے قومی دن پر سعودی عرب آنے کی دعوت دی۔ دریں اثناء گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ آج بھی پاکستان کو معاشی بحران سے نجات دلا کر معاشی استحکام اور خوشحالی کی طرف لے جانے کی کلید ہمارے تاجروں اور صنعت کاروں کے پاس ہے۔ گورنمنٹ اور بزنس کمیونٹی کے درمیان مشترکہ کاوشیں اور باہمی افہام و تفہیم کے ذریعے پاکستان کیلئے ایک روشن اقتصادی مستقبل تشکیل دیا جاسکتا ہے لہٰذا ضروری ہے کہ اپنے تمام تاجروں، صنعتکاروں اور کاروباری حضرات کو پڑوسی ممالک کی تجارتی منڈیوں تک رسائی دیں، سستی بجلی کی فراہمی کو یقینی بنائیں، ٹیکسوں میں رعایت فراہم کریں اور زیادہ سے زیادہ معاشی سرگرمیوں کو فروغ دیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں راشد ہمایوں کی قیادت میں چیئرمین CIBEQ پاکستان اور سینئر لیڈر آف بزنس کمیونٹی پر مشتمل وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، ملاقات کے دوران ممتاز کاروباری شخصیات اور اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، آئی سی سی آئی کے ممبران میں شفیق سوانی، ظفر شہزاد مرزا، طاہر رشید تنولی، راجہ اشفاق عباسی، انجینئر۔ پرویز اسلم، ذوالفقار حسین، وقار احمد وڑائچ، خرم شہزاد، راجہ اشفاق عباسی، ڈاکٹر یاسر بخاری، ڈاکٹر ابوالحسن، راحیل ملک، چوہدری اسد اللہ اور تنویر احمد موجود تھے۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہم وژنری معاشی پالیسیوں، باہمی تعاون کے جذبے اور اسٹریٹجک سرمایہ کاری کے ساتھ ہم پاکستان کی معیشت کو بحال کر سکتے ہیں اور آنے والی نسلوں کیلئے معاشی انقلاب برپا کر سکتے ہیں، انہوں نے کہا کہ بلوچستان، قدرتی وسائل اور قیمتی معدنیات کا مالا مال صوبہ ہے، یہاں مختلف شعبوں سرمایہ کاری کے منافع بخش مواقع دستیاب ہے اور بلوچستان ہی پاکستان کی معاشی بحالی کیلئے انتہائی اہم ہے۔ غربت کا خاتمہ کر سکتے ہیں۔



اسلام آباد: گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی سے ملاقات کر رہے ہیں



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل یوسف رضا گیلانی سے ان کے کزن کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 2


Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | جمعرات 12 صفر 1447ھ 07 اگست 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 33

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email, mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے




سوئی، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی شہید دشو چاکرانی اور شہید زاہد چاکرانی کے انتقال پر وڈیرہ علی باغ چاکرانی سے تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

# مستونگ، فتنہ الہندوستان کا حملہ، میجر سمیت 3 جوان شہید، کلیئرنس آپریشن میں 4 دہشتگرد ہلاک

## دشمن کو ہر محاذ پر منہ توڑ جواب دیا جائے گا، وزیراعلیٰ

**بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردوں نے سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر آئی ای ڈی حملہ کیا، میجر محمد رضوان طاہر، نائیک ابن امین اور لانس نائیک محمد یونس بزدلانہ حملے میں جام شہادت نوش کر گئے**

**میجر رضوان شہید ایک دلیر افسر تھے جنہوں نے متعدد آپریشنز میں حصہ لیا اور ہمیشہ فرنٹ لائن سے اپنے جوانوں کی قیادت کی، جوانوں کی قربانیاں ہمارے عزم کو مزید تقویت بخشتی ہیں، آئی ایس پی آر**

**بہادر سپوتوں نے مادر وطن کے تحفظ کی خاطر اپنی جانیں قربان کیں، پوری قوم ان کی مقروض ہے، دہشتگردی کے ہر واقعے کا حساب لیں گے معصوم جانوں کے قاتلوں کو انجام تک پہنچایا جائے گا، میر سرفراز بگٹی**

اسلام آباد (شاکر رحمان) مستونگ میں بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردوں کے سیکیورٹی فورسز کی گاڑی پر آئی ای ڈی حملے میں میجر محمد رضوان طاہر سمیت 3 فوجی جوان شہید ہو گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شہدا میں نائیک ابن امین اور لانس نائیک محمد یونس بھی شامل ہیں۔ 31 سال کے میجر محمد رضوان طاہر شہید کا تعلق نارووال سے تھا، 37 سال کے شہید نائیک ابن امین ضلع صوابی کے رہائشی تھے جبکہ 33 سال کے شہید لانس نائیک محمد یونس کا تعلق ضلع کرک سے تھا آئی ایس پی آر کے بیان میں کہا گیا کہ سیکیورٹی فورسز کے کلیئرنس آپریشن میں 4 دہشت گرد مارے گئے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ میجر رضوان شہید ایک دلیر افسر تھے جنہوں نے دہشت گردی کے خلاف ......

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

متعدد آپریشنز میں حصہ لیا انہوں نے ہمیشہ فرنٹ لائن سے اپنے جوانوں کی قیادت کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں دہشت گردوں کی مکمل بیخ کنی کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری رہے گا، سیکورٹی فورسز بھارتی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہیں، بہادر جوانوں کی قربانیاں ہمارے اس عزم کو مزید تقویت بخشتی ہیں۔

کوئٹہ (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی گاڑی پر ہونے والے بم حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردی قرار دیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ بزدلانہ کارروائی نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے امن اور استحکام پر حملہ ہے لیکن دشمن کے مذموم عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے انہوں نے کہا کہ میجر رضوان طاہر، نائیک ابن امین اور لانس نائیک محمد یونس جیسے بہادر سپوتوں نے مادر وطن کے تحفظ کی خاطر اپنی جانیں قربان کیں، پوری قوم ان کی مقروض ہے اور ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہمارے جوانوں کی شہادتیں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی۔ دشمن کو ہر محاذ پر منہ توڑ ......

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

جواب دیا جائے گا۔ بھارتی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی پاکستان کی خودمختاری پر کھلی جارحیت ہے، جس کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے ہر واقعے کا حساب لیا جائے گا اور معصوم جانوں کے قاتلوں کو انجام تک پہنچایا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کی سرزمین پر خونریزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پوری قوم اپنے شہداء کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کے اہل خانہ کو کبھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ حکومت بلوچستان شہداء کے خاندانوں کی ہر ممکن دیکھ بھال اور معاونت کو یقینی بنائے گی۔

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 233، جمعرات، 12 صفر المظفر، 7 اگست 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# بھارتی سرپرستی میں ہونیوالی دہشتگردی کھلی جارحیت ہے، منہ توڑ جواب دیا جائیگا، سرفراز بگٹی

## مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی گاڑی پر ہونیوالے بم حملے کی مذمت، بہادر سپوتوں نے مادر وطن کی خاطر جانیں قربان کیں

## بلوچستان کی سرزمین پر خونریزی برداشت نہیں کی جائے گی، پوری قوم شہداء کے لواحقین کے ساتھ کھڑی ہے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی گاڑی پر ہونے والے بم حملے کی مذمت کرتے ہوئے اسے بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردی قرار دیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ بزدلانہ کارروائی نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے امن (باقی صفحہ 5 نمبر 39)

اور استحکام پر حملہ ہے لیکن دشمن کے مذموم عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے انہوں نے کہا کہ میجر رضوان طاہر، نائیک ابن امین اور لانس نائیک محمد یونس جیسے بہادر سپوتوں نے مادر وطن کے تحفظ کی خاطر اپنی جانیں قربان کیں، پوری قوم ان کی مقروض ہے اور ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہمارے جوانوں کی شہادتیں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی دشمن کو ہر محاذ پر منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ بھارتی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی پاکستان کی خودمختاری پر کھلی جارحیت ہے، جس کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے ہر واقعے کا حساب لیا جائے گا اور معصوم جانوں کے قاتلوں کو انجام تک پہنچایا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کی سرزمین پر خونریزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پوری قوم اپنے شہداء کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کے اہل خانہ کو کبھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ حکومت بلوچستان شہداء کے خاندانوں کی ہر ممکن دیکھ بھال اور معاونت کو یقینی بنائے گی۔



سوئی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی شہید دشو چاکرانی اور شہید زاہد چاکرانی بگٹی کے انتقال پر وڈیرہ علی باغ چاکرانی اور فیض محمد چاکرانی سے تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 جمعرات 07 اگست 2025ء بمطابق 12 صفر المظفر 1447ھ قیمت 20 روپے شمارہ 213


# بلوچستان کی سرزمین پر خونریزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی، وزیر اعلیٰ

بھارتی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی پاکستان کی خودمختاری پر کھلی جارحیت ہے، دہشتگردی کے ہر واقعے کا حساب لیا جائے گا معصوم جانوں کے قاتلوں کو انجام تک پہنچایا جائے گا

پوری قوم اپنے شہدا کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کے اہل خانہ کو کبھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ حکومت بلوچستان شہدا کے خاندانوں کی ہر ممکن دیکھ بھال اور معاونت کو یقینی بنائے گی، مستونگ واقعے پر ردعمل

کوئٹہ (خ ن + نیوز ایجنسیاں) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی گاڑی پر ہونے والے بم حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردی قرار دیا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ بزدلانہ کارروائی نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے امن اور استحکام پر حملہ ہے لیکن دشمن کے مذموم عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے انہوں نے کہا کہ میجر رضوان طاہر، نائیک ابن امین اور لانس نائیک محمد یونس جیسے بہادر سپوتوں نے مادر وطن کے تحفظ کی خاطر اپنی جانیں قربان کیں، پوری قوم ان کی مقروض ہے اور ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہمارے جوانوں کی شہادتیں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی۔ دشمن کو ہر محاذ پر منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ بھارتی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی پاکستان کی خودمختاری پر کھلی جارحیت ہے، جس کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے ہر واقعے کا حساب لیا جائے گا اور معصوم جانوں کے قاتلوں کو انجام تک پہنچایا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کی سرزمین پر خونریزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پوری قوم اپنے شہدا کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کے اہل خانہ کو کبھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ حکومت بلوچستان شہدا کے خاندانوں کی ہر ممکن دیکھ بھال اور معاونت کو یقینی بنائے گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 5

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

بانی: سید فصیح اقبال

جلد 80 | جمعرات 7 اگست 2025ء، 12 صفر المظفر 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 213



سوئی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی شہید وشو چاکرانی اور شہید زاہد چاکرانی بگٹی کے انتقال پر وڈیرہ علی باغ چاکرانی اور فیض محمد چاکرانی سے تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

## CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 07 AUG 2025 Page No. 6


## وزیراعلیٰ کی ہدایت پر موسیٰ خیل میں 17 بعد بی ایچ یو فعال کر دیا گیا

**علاقہ مکینوں کا وزیراعلیٰ، وزیر صحت، سیکرٹری صحت، پی پی ایچ آئی سے اظہار تشکر**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی، وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، چیف سیکرٹری بلوچستان، سیکرٹری صحت بلوچستان اور پی پی ایچ آئی کے سی ای او حمید اللہ ناصر کے وژن اور کاوشوں کے نتیجے میں "بی ایچ یو BHU زڑ ایسوٹ (ضلع موسیٰ خیل) کو سترہ سال بعد فعال کر دیا۔ بی ایچ یو میں سٹاف، ادویات، میڈیکل آلات اور بقایا تعمیر کا کام مکمل، ضلع موسیٰ خیل ٹاؤن سے 45 کلومیٹر دور واقع (بی ایچ یو) زڑ ایسوٹ کے مقامی آبادی نے پی پی ایچ آئی اور محکمہ صحت کے اس کاوش کو خوب سراہا اور امید ظاہر کی کہ بی ایچ یو فعالیت سے ہمارے اردگرد آبادی کے لوگ اب دور جانے کی بجائے یہی مستفید ہونگے۔ علاقے کے لوگوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان، وزیر صحت، سیکرٹری صحت اور سی ای او حمید اللہ ناصر کا شکریہ ادا کیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 07 AUG 2025 Page No. 7


## کوئٹہ: تجاوزات کیخلاف آپریشن، 30 افراد گرفتار، 19 جیل منتقل

**ضلعی انتظامیہ کیجانب سے نواں کلی، جوائنٹ روڈ، سرکی روڈ اور سریاب روڈ پر کارروائی کی گئی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کا نواں کلی، جوائنٹ روڈ، سرکی روڈ اور سریاب روڈ پر تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن 30 افراد کو حراست میں لے کر 19 کو جیل بھیج دیا تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ کی سٹی صدر اور سریاب ڈویژن کی ٹیموں نے گزشتہ روز تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے نواں کلی، جوائنٹ روڈ، سرکی روڈ اور سریاب روڈ پر قائم تجاوزات کا خاتمہ کرتے ہوئے 30 افراد کو حراست میں لیکر 19 کو جیل بھیج دیا۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ عوامی گزرگاہوں اور سڑکوں پر قبضہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔

## کوئٹہ، بی ایف اے کی کارروائی، جعلی مکھن بنانیوالا کارخانہ سیل

**جان محمد روڈ پر معروف برانڈ کے نام پر مکھن تیار کیا جارہا تھا بھاری مقدار قبضے میں لے لی گئی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جان محمد روڈ پر کارروائی، جعلی مکھن تیار کرنے والا کارخانہ سیل کر کے معروف برانڈ (لیاقت مکھن) کے نام پر تیار کیا گیا جعلی مکھن بڑی مقدار میں برآمد کرلیا گیا ڈی جی بی ایف اے وقار خورشید عالم نے بتایا کہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے کوئٹہ کے علاقے جان محمد روڈ پر کارروائی کرتے ہوئے معروف برانڈ کا جعلی مکھن بنانے والا کارخانہ سیل کر کے وہاں سے بڑی مقدار میں جعلی مکھن قبضے میں لے لیا۔ انہوں نے بتایا کہ مکھن یونٹ سے مضر صحت مارجرین، جعلی کریم اور ناقص پیکنگ کا سامان بھی قبضے میں لے لیا گیا ہے یونٹ کے پروڈکشن ایریا میں صفائی ستھرائی و اسٹوریج کے انتظامات نہایت غیر تسلی بخش پائے گئے کارخانے میں موجود ورکرز کے میڈیکل سرٹیفکیٹس اور مصنوعات کی لیبارٹری رپورٹس بھی جعلی نکلیں۔ انہوں نے بتایا کہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی حکام نے کارخانے کو فوری سیل کر کے مزید قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا موقع سے حاصل کیے گئے مکھن کے نمونے تفصیلی لیبارٹری تجزیے کے لیے روانہ کر دیے گئے۔

## بلوچستان میں سرکاری ملازمت کیلئے عمر کی بالائی حد 43 سال مقرر

کوئٹہ (ن ن) محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کے ایک اعلامیہ کے مطابق بلوچستان حکومت کی سول سروس کی آسامیوں پر حکومت کی جانب سے تقرری کی عمر کی حد میں نرمی کی گئی ہے۔ حکومت نے صوبے کے نئے امیدواروں کے ساتھ ساتھ سرکاری ملازمین کی ملازمت کیلئے عمر کی بالائی حد 43 سال رعایت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

## پاک ایران تجارتی معاہدوں سے بلوچستان کو فائدہ پہنچے گا، بلال کاکڑ

**بارڈر مارکیٹس، لاجسٹک سینٹرز اور فری اکنامک زونز میں ملازمتوں کے مواقع پیدا ہونگے، بیان**

کوئٹہ (ن ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے پاکستان اور ایران کے درمیان حالیہ 12 معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کو ایک تاریخی لمحہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے ان سے نہ صرف دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات میں مزید استحکام آئے گا بلکہ بلوچستان میں معاشی، تجارتی اور سماجی سرگرمیوں کو بے پناہ فروغ ملے گا۔ بلال خان کاکڑ نے اپنے بیان میں کہا کہ ان معاہدوں سے بلوچستان کے عوام کے لیے نئے روزگار اور کاروباری مواقع پیدا کریں گے۔ زرعی اور لائیو اسٹاک مصنوعات کی ایران کو برآمد سے مقامی کسانوں، تاجروں اور صنعتکاروں کو براہ راست فائدہ ہوگا۔ روزگار کے مواقع میں اضافہ ہوگا، بارڈر مارکیٹس، لاجسٹک سینٹرز اور فری اکنامک زونز میں نوکریوں کے ہزاروں مواقع پیدا ہوں گے۔ ٹرانسپورٹ و لاجسٹک انفراسٹرکچر کو ترقی ملے گی۔ کوئٹہ تفتان ریلوے ٹریک، نئی سڑکوں، کولڈ اسٹوریج، اور کسٹمز سہولیات کی ترقی سے بلوچستان کی معاشی اہمیت میں اضافہ ہوگا۔ سرمایہ کاری اور صنعتی ترقی کو فروغ حاصل ہوگا۔ ایران و پاکستان کے مشترکہ اقتصادی زونز کے قیام سے بلوچستان میں توانائی، معدنیات، زراعت اور ٹیکسٹائل کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے نئے امکانات پیدا ہوں گے۔ سیاحت اور ثقافتی روابط بڑھیں گے۔

## سیکورٹی خدشات، کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں انٹرنیٹ ڈیٹا سروس معطل

**15 اگست تک معطل رہنے کا امکان، آن لائن کلاسز، فری لانسنگ اور دیگر سرگرمیاں متاثر، شہری پریشان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیکورٹی خدشات کی پیش نظر کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں موبائل انٹرنیٹ ڈیٹا سروس معطل کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق انٹرنیٹ ڈیٹا سروس کے پندرہ اگست تک معطل رہنے کا امکان ہے دوسری جانب پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے حکام کے مطابق بلوچستان کے اضلاع کوہلو، چمن، قلعہ عبداللہ، پشین، لورالائی، زیارت، قلعہ سیف اللہ، لوکئی اور ہرنائی میں موبائل انٹرنیٹ سروس غیر معینہ مدت کے لیے معطل کر دی گئی ہے۔ یہ اقدام ممکنہ سیکورٹی خدشات کے پیش نظر اٹھایا گیا ہے۔ انٹرنیٹ سروس کی معطلی سے صوبے میں طلبہ آن لائن کلاسز شرکت سے قاصر ہیں، جبکہ فری لانسنگ اور آن لائن کاروبار سے وابستہ افراد کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## ڈی سی قلات نے محکمہ تعلیم، صحت، زراعت و دیگر ضلعی دفاتر کا دورہ کیا

**اسٹاف کی حاضریاں چیک کیں، دستیاب سہولیات اور مسائل کا جائزہ لیا، غیر حاضر فارماسسٹ کیخلاف کارروائی کا حکم جاری کیا**

محکمہ اریگیشن کے دفتر کے دورے دوران منکشف ہوا کہ تمام اسٹاف غیر حاضر ہے۔ ڈی سی نے فہرست طلب کی کارروائی کا عندیا

**جب ملازمین دفتروں سے غیر حاضر رہیں گے تو لوگوں کے کام کیسے ہوں گے؟ محکموں کے ذمہ داران اپنی کارکردگی بہتر بنائیں، ڈی سی**

قلات (ن ن) ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ جمیل بلوچ نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس محکمہ تعلیم کے دفاتر اور ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ کیا ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر انجم بلوچ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد اقبال نورزئی نے ڈپٹی کمشنر کو دفتر دورے کے موقع پر مختلف برانچز کا معائنہ کرایا انہوں نے اسٹاف کی حاضریاں چیک کیں اور دستیاب سہولیات اور مسائل کا جائزہ لیا ڈپٹی کمشنر نے دورے کے موقع پر ڈی ایچ او آفس کے فارماسسٹ کی ڈیوٹی سے غیر حاضری کا نوٹس لیتے ہوئے فارماسسٹ کے خلاف کارروائی کا حکم جاری کیا۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ جمیل بلوچ کا محکمہ تعلیم کے دفاتر کا ہنگامی دورہ کیا، اسٹاف کی حاضریاں چیک کی ڈپٹی کمشنر نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اور ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (میل) کے دفاتر کا بھی دورہ کیا دورے کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نے محکمہ تعلیم کے سربراہان سمیت دیگر تمام اسٹاف کی حاضریاں چیک کیں اور دفاتر میں مرمت کے کاموں کا جائزہ لیا ڈپٹی کمشنر نے ٹیچنگ ہسپتال قلات کا دورہ بھی کیا ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر نصراللہ لانگو نے ڈپٹی کمشنر کو ایمرجنسی وارڈ آپریشن تھیٹر لیبارٹری ڈسپنسری سینٹر لیبر روم او پی ڈی ادویات کے مین اسٹور ڈینٹل سیکشن سیل کمپیل وارڈ آئی سیکشن اور دیگر شعبوں کا دورہ کرایا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 07 AUG 2025 Page No. 8


## کوئٹہ ڈیولپمنٹ پیکیج میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، کمشنر

### شہر کی ترقی وخوشحالی کے ضامن منصوبے پر خطیر رقم خرچ کی جا رہی ہے، تمام ادارے ملکر کام کریں، خطاب

### آئی ٹی معیشت کا مضبوط ستون بن چکی، روزگار کے بے پناہ مواقع پیدا ہورہے ہیں، شاہزیب خان کاکڑ

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے کہا ہے کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی اکیسویں صدی کی معیشت کا ایک مضبوط ستون بن چکی ہے اور یہ صرف ایک شعبہ نہیں بلکہ تعلیم، صحت، تجارت، حکومت اور سماجی ترقی سمیت ہر میدان میں انقلابی تبدیلیاں لا رہی ہے۔ دنیا بھر میں مصنوعی ذہانت، مشین لرننگ، کلاؤڈ کمپیوٹنگ اور آٹومیشن کے باعث آئی ٹی کے شعبے میں روزگار کے بے پناہ مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے زیر اہتمام ماؤنٹین ویو ٹیکنالوجی پارک میں منعقد ........

بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

و ''دی آرٹ آف ٹیچنگ پروگرام اینڈ کوالٹی گریجویٹس'' ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس ورکشاپ میں اکیڈمیا اور آئی ٹی انڈسٹری سے وابستہ افراد نے شرکت کی۔ ورکشاپ میں مینیجنگ ڈائریکٹر پی پی پی پروفیسر ڈاکٹر فیصل خان، چیئرمین این سی ای اے سی پروفیسر ڈاکٹر شفاعت شاہ، وائس چانسلر سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی پروفیسر راحیلہ عمر، وائس چانسلر یونیورسٹی آف لورالائی ڈاکٹر احسان کاکڑ اور دیگر نے شرکت کی۔ کمشنر کوئٹہ نے کہا کہ آئی ٹی نوجوانوں کے لیے ایک سنہری موقع ہے، جس کے ذریعے وہ ملکی و بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کو منوا سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکیج کے منصوبوں پر کام کی پیشرفت اور درپیش رکاوٹوں کے خاتمے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ہوا۔ جس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن ظہور احمد، لیگل ایڈوائزر کمشنر کوئٹہ ایڈووکیٹ نور احمد کاکڑ، پروجیکٹ ڈائریکٹر کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکیج رفیق بلوچ، ڈپٹی پی ڈی عابد محمود، ڈپٹی پی ڈی فلائی اوور پراجیکٹ کوئٹہ سلیم رازق و دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں زرغون روڈ، انسکمب روڈ فیز ٹو، سریاب سروس روڈ، سمنگلی روڈ، گاہی خان چوک انٹرچینج اور کسٹم انٹرچینج سمیت دیگر جاری منصوبوں پر کام کی پیشرفت اور حائل رکاوٹوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکیج کے متعدد منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے تاہم یوٹیلیٹی سروسز کی منتقلی، گیس پائپ لائن، بجلی کے پول، پی ٹی سی ایل کیبلز، اے جی آفس پارکنگ، محکمہ صحت کے ملازمین کے مکانات کی منتقلی اور لینڈ ایکوزیشن جیسے امور میں پیچیدگیاں درپیش ہیں جن کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کے مابین مؤثر کوآرڈینیشن ناگزیر ہے۔ کمشنر شاہزیب خان کاکڑ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکیج شہر کی ترقی اور خوبصورتی کا ضامن ہے جس کی تکمیل سے ٹریفک مسائل میں کمی اور شہری سہولیات میں بہتری آئے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سریاب سروس روڈ کی تعمیر میں حائل تمام رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کر کے منصوبہ دسمبر تک مکمل کیا جائے۔ اس کے علاوہ ایئرپورٹ روڈ پر اسٹریٹ لائٹس کی فوری درستگی اور گاہی خان چوک پر ملبے کی صفائی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔ منصوبے پر خطیر رقم خرچ کی جا رہی ہے۔ لہٰذا کسی بھی قسم کی کوتاہی ناقابل برداشت ہوگی اور تمام ادارے مل کر منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔

## محکمہ صحت کے ملازمین کیلئے موبائل ایپ پر حاضری لگانا لازمی قرار

### تمام افسران، ٹیچنگ اور ڈسٹرکٹ ہسپتالوں کے سربراہان ایپ کے ذریعے حاضری لگانے کے پابند ہونگے

### کسی بھی ملازم کی دستی یا غیر منظور شدہ طریقے سے لگائی گئی حاضری ناقابل قبول ہوگی، اعلامیہ

کوئٹہ (اے پی پی) محکمہ صحت حکومت بلوچستان نے سرکاری ہسپتالوں اور طبی اداروں کے تمام عملے کے لیے موبائل ایپلی کیشن کے ذریعے حاضری لگانا لازمی قرار دے دیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد جاری ڈیجیٹل اصلاحات کو آگے بڑھاتے ہوئے حاضری کے نظام میں شفافیت اور نظم و ضبط کو یقینی بنانا ہے۔ سرکاری اعلامیہ کے مطابق، تمام میڈیکل کالجز، ........

بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

ٹیچنگ اور ڈسٹرکٹ ہسپتالوں کے سربراہان اور عملہ 11 اگست پیر سے اے آئی حاضری ایپ کے ذریعے حاضری لگانے کے پابند ہوں گے۔ کسی بھی ملازم کی دستی یا غیر منظور شدہ طریقے سے حاضری ناقابل قبول ہوگی۔ محکمے نے واضح کیا ہے کہ کسی بھی قسم کی کوتاہی پر ملازمین کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے گی اور ان کی غیر حاضری کی بنیاد پر تنخواہوں میں کٹوتی بھی عمل میں لائی جائے گی۔ اعلامیہ میں تمام اسٹاف کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ درج ذیل ویب لنک کے ذریعے اپنی حاضری لگائیں

https://app.aiframs.com

واضح رہے کہ یہ اقدام وزیر صحت بلوچستان کی ہدایت پر اٹھایا گیا ہے تاکہ تمام سرکاری ہسپتالوں میں حاضری کا ایک مؤثر، منظم اور جدید نظام نافذ کیا جا سکے۔

## قلات: ماسک یا نقاب پوش افراد کو گرفتار کر کے کارروائی کی جائیگی، ایس پی

### فیصلہ حالیہ امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر کیا گیا ہے، عوام پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کریں، شہزاد اکبر

قلات (خ ن) قلات پولیس نے امن وامان کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے ایس پی قلات شہزاد اکبر کی خصوصی ہدایت پر نقاب پوش و غیر ضروری ماسک پہننے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کرتے ہوئے متعدد افراد کو گرفتار کر لیا ہے ڈسٹرکٹ پولیس آفس کی جانب سے جاری کیے گئے ہینڈ آؤٹ میں کہا گیا ہے کہ اگر کوئی شخص گاڑی چلاتے ہوئے، موٹر سائیکل پر سفر کرتے ہوئے یا پیدل چلتے ہوئے ماسک یا نقاب میں پایا گیا تو اسے فوری ........

بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

طور پر گرفتار کر کے اس کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ یہ فیصلہ حالیہ امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر کیا گیا ہے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بروقت بچا جا سکے۔ قلات پولیس نے عوام سے اپیل کی ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مکمل تعاون کریں اور اپنے اردگرد مشکوک افراد کی فوری اطلاع پولیس تھانہ کو دیں پولیس نے واضح کیا ہے کہ قانون شکنی کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی نرمی نہیں برتی جائے گی۔ اپنی اور دوسروں کی حفاظت کے لیے قانون پر عمل کریں اور ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 07 AUG 2025 Page No. 9


## یوم آزادی کے موقع پر ہمیں خود احتسابی کرنے کی ضرورت ہے ڈاکٹر روبینہ مشتاق

**یہ دن عظیم قربانی کی یاد دلاتا ہے جب ہمارے بزرگوں نے لاکھوں جانوں کی قربانی دے کر ایک آزاد ریاست حاصل کی**

**فرائض کو دیانت داری سے سرانجام دے کر ہی ہم پاکستان کو ایک خوشحال ترقی یافتہ ملک بنا سکتے ہیں، وی سی ایس بی کے کا تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (ظ ن) سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی میں یوم آزادی کی مناسبت سے تقریب کا اہتمام کیا گیا جس کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق نے کی اس تقریب میں رجسٹرار زینب اکرم، ڈینز، فیکلٹی، لیکچرارز، ایڈمن اسٹاف، ایس بی کے ماڈل اسکول کی ٹیچرز اور اسٹوڈنٹ نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تقریب کا آغاز قومی ترانہ سے کیا گیا وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق نے یونیورسٹی میں پرچم کشائی کی گئی اور گارڈ آف آنر پیش کیا گیا تقریب سے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق نے خطاب کرتے ہوئے یوم آزادی کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ چودہ اگست ہماری آزادی کا دن ہے یہ دن ہمیں 1947ء کی اس عظیم قربانی کی یاد دلاتا ہے جب ہمارے بزرگوں نے لاکھوں جانوں کی قربانی دے کر ایک آزاد ریاست حاصل کی جہاں ہم نے اپنے دین ثقافت اور اقدار کے مطابق زندگی گزار سکیں اس دن کی اہمیت صرف جشن منانے تک محدود نہیں بلکہ یہ ہمیں سوچنے پر مجبور کرتی ہے کہ کیا ہم آج بھی ہم خوابوں کو پورا کر رہے ہیں جو ہمارے بزرگوں نے پاکستان کے لئے دیکھے تھے آزادی صرف جھنڈا لہرانے کا نام نہیں بلکہ اس کا مطلب آزادی سے جینے سچ بولنے اور انصاف حاصل کرنے کا حق ہے انہوں نے مزید کہا کہ چودہ اگست صرف ایک دن نہیں بلکہ ایک جذبہ ہے یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ پاکستان کو آزاد رکھنا اب ہماری ذمہ داری ہے یوم آزادی صرف ایک جشن کا نام نہیں بلکہ یہ ہمارے قومی عزم کی تجدید کا دن ہے ہمیں اس دن محض گانے جھنڈے یا آتش بازی تک محدود نہیں رکھنا چاہیے بلکہ ایک قوم بن کر سوچنا اور عمل کرنا چاہیے تقریب کے اختتام پر ریلی شہدا چوک پر پہنچ کر ملی نغمے گائے گئے اور اختتام پذیر ہوئی۔

## تحقیق کی نئی راہیں کھول کر بلوچستان کی پسماندگی دور کی جاسکتی ہے ماہرین تعلیم

**بلوچستان ہائیر ایجوکیشن کمیشن قائم، بورڈ کی تعداد بڑھا کر، تھرڈ پارٹی کی نگرانی میں آغا خان بورڈ جیسی تحقیق کے مطابق پالیسی بنائے جائے**

**امتحانی نظام کو خامیوں سے پاک کیا جائے تعلیمی نظام کو نئے دور کے تقاضوں سے ہمکنار کرنے کیلئے ماہرین تعلیم سے مشاورت کی جائے، طلبا، طالبات**

کوئٹہ (پ ر) ماہرین تعلیم اور اساتذہ نے کہا ہے کہ تحقیق کی نئی راہیں کھول کر بلوچستان کی پسماندگی دور ہو سکتی ہے، بچے مستقبل کے معمار ہیں ان کو زیادہ سے زیادہ مواقع ملنے چاہیے بلوچستان کے پسماندہ ہونے کا تاثر دور کرنا ہوگا ان خیالات کا اظہار ایم آئی ٹی ڈاکٹر خیر محمد کاکڑ، مس ماہ جبین اور دیگر ماہرین نے ایجوکیٹرز اسکولز سسٹم کے تحت ہونے والے علمی مذاکرے کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں بلوچستان کے تعلیمی مسائل اور انکے حل کے لئے تجاویز پیش کی مذاکرے کا مقصد بچوں کو ایسا ماحول فراہم کرنا ہے جسکے تحت تحقیق کی نئی راہیں کھل سکیں بچے مستقبل کے معمار ہیں ان کو زیادہ سے زیادہ مواقع ملنے چاہیے بلوچستان کے پسماندہ ہونے کا تاثر دور کرنا ہوگا یہاں کے بچوں کو اگر مواقع ملنے چاہیے اخلاق تربیت اور تعلیم معاشرے کی ترقی کے لئے ضروری ہے اساتذہ کو انکے وقار کے مطابق عزت دینا ہوگی استاد علمی کا درجہ رکھتے ہیں تعلیمی اداروں میں اخلاق اور تربیت کی جھلک نظر آنی چاہیے استاد روحانی ماں باپ ہوتے ہیں ممبری ایم آئی ٹی ڈاکٹر خیر محمد کاکڑ نے کہا کہ سیاحت اور تحقیق سمیت تمام شعبوں میں کام کرنے والوں کو حکومت سپورٹ کرے کی نوجوانوں کو بلا تفریق اسکالرشپ دی جاری ہے بلوچستان کی زرخیز مٹی نے ایسے سپوت پیدا کیے ہیں جن کا کوئی مقابلہ نہیں بلوچستان کے بچوں میں سہولیات کے فقدان کے باوجود دنیا پر حکمرانی کا جذبہ موجود ہے ماہر تعلیم محمد نواز چندرانی نے کہا کہ جن کے پاس اختیارات ہیں وہ نظام کی اصلاحات کو یقینی بنائے بچے اپنے ٹارگٹ کے حصول کے لئے دن رات مطالعے کو مرکز بنائے اور ایک دوسرے کے ساتھ الجھ جانے کی بجائے مسائل کا حل سوچے سول سوسائٹی کی رہنما مس ماہ جبین نے اس بات پر زور دیا کہ کسی بھی نظام میں اصلاحات کا عمل مشکل ترین کام ہوتا ہے تعلیمی نظام کو موثر بنانے کے لئے طلبا وطالبات تربیت کی فراہمی کے لئے اساتذہ کرام کی رہنمائی کو اپنی توہین نہ سمجھیں نجی تعلیمی اداروں اور سرکاری اسکولوں میں ایک جیسا نصاب رکھا جائے اسکالرشپ پروگرام تک بچوں کی رسائی آسان بنائی جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 07 AUG 2025 Page No. 10

## سیلاب متاثرین کیلئے 5 ہزار مکانات کی تعمیر خوش آئند ہے، جمال شاہ کاکڑ

### 2022 کے سیلاب سے بلوچستان میں بڑے پیمانے پر تباہی، لوگ گھروں سے محروم ہوئے، گفتگو

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے سیلاب متاثرہ خاندانوں کیلئے 5 ہزار مکانات کی تعمیر مکمل ہونے پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں سیلاب سے متاثرہ لوگوں کو محفوظ اور باوقار رہائش کی فراہمی کو یقینی بنانا خوش آئند ہے۔ سال 2022 کے دوران سیلاب نے بلوچستان میں بڑے پیمانے پر تباہی مچائی، لوگ گھروں سے محروم ہوئے، زراعت تباہ ہوئی لیکن وزیر اعظم نے جو اعلان کیا اس کو عملی جامہ پہنایا جا رہا ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے حکومت پاکستان کی جانب سے بلوچستان میں سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی بحالی کے منصوبے کے تحت 5000 مکانات کی تعمیر مکمل ہونے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان کے اس منصوبے کے تحت بلوچستان میں قریب 27000 مکانات پر تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے جن کی تکمیل سے لوگوں کو متاثرہ طبقات کو محفوظ، پائیدار اور باوقار رہائش میسر ہوگی۔

## مسائل کا حل مذاکرات، آپریشن ملک وقوم کے مفاد میں نہیں، جمعیت ن

### قبائلی عوام کو در بدر کیا جا رہا ہے، ملک سیاسی تنگیوں کا متحمل نہیں ہو سکتا، مولانا لونی و دیگر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جمعیت نظریاتی کے قائم مقام امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی سیکرٹری جنرل مفتی شفیع الدین، سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر قیس البدی، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ، صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمن، صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ، صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ اسرولی و دیگر نے کہا ہے کہ کسی قسم کا آپریشن ملک اور قوم کے مفاد میں نہیں، ادھروں کے آپریشن سے قبائلی عوام کو در بدر کیا جا رہا ہے، ماضی کے آپریشنز کے نتائج قوم اب تک بد امنی کی صورت میں بھگت رہی ہے، قیام امن صرف مذاکرات سے ہی ممکن ہے، آپریشن سے معاملات حل نہیں ہوں گے۔ حالات معاملات کو سیاسی فہم و فراست اور تدبر سے حل کرنے کے متقاضی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان نازک حالات میں ملک سیاسی تنگیوں کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ تمام سیاسی جماعتوں سے ملک کے ابتر حالات سدھارنے کیلئے مذاکرات کیے جائیں۔

## حقوق بلوچستان مارچ میں کارکنوں نے بہت قربانیاں دیں، ہدایت الرحمن

### یوم تاسیس کے سلسلے میں عشرہ 21 تا 31 اگست اور عشرہ سیرت النبی ﷺ یکم تا 10 ستمبر منائیں گے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ حقوق بلوچستان لانگ مارچ میں کارکنان نے بہت قربانیاں دیں، مخلص کارکنان و عوام کے تعاون سے حکمرانوں سے حقوق حاصل کرنے میں ہم کامیاب ہوں گے، حکومت نے لانگ مارچ شرکاء سے 8 مطالبات پر مذاکرات میں جو وعدے کیے امید ہے ان وعدوں پر عمل کریں گے۔ جماعت اسلامی کے یوم تاسیس کے سلسلے میں عشرہ 21 تا 31 اگست اور عشرہ سیرت النبی ﷺ یکم تا 10 ستمبر بھرپور انداز میں منائیں گے، 21,22,23 نومبر کو کل پاکستان اجتماع عام لاہور میں ہوگا۔ مسائل حل کرنے کیلئے عوامی و ملک فعال رہیں گے۔ یہ بات انہوں نے جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی ذمہ داران کے ماہانہ تنظیمی جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امراء عبدالمتین اخوندزادہ، زاہد اختر بلوچ، بشیر احمد ماندائی، مولانا محمد عارف دمڑ، پروفیسر سلطان محمد کاکڑ، نور الدین لونی، سلطان محمد [illegible]، امیر ضلع کوئٹہ عبدالنعیم رند، عبدالولی خان شاکر، اسامہ ہاشمی، احمد شاہ غازی نے شرکت کی۔ اجلاس میں ذمہ داران نے اپنے اپنے شعبوں کی رپورٹ پیش کی۔ اجلاس میں اسلام آباد لانگ مارچ کی رپورٹ بھی پیش کی گئی جس پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بدامنی، لاقانونیت، مقتدر قوتوں کی لوٹ مار، چیک پوسٹوں پر عوام کی تذلیل، مسائل کو جمہوری طریقے سے حل کرنے کے بجائے طاقت کے استعمال سے بلوچستان کو نو گو ایریا بن گیا ہے، جماعت اسلامی ہر طبقہ فکر کو متحد کر کے پرامن جمہوری مزاحمت کے ذریعے جدوجہد کر کے عوام کو ان کے حقوق دلائے گی۔ لانگ مارچ کی کامیابی سے کارکنان متحرک و فعال، عوام میں امید پیدا ہوئی ہے۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 07 AUG 2025 Page No. 11

# غیر آئینی اقدامات کے ذریعے عوامی وسائل و زمینوں پر قبضہ کیا جا رہا ہے، پشتونخوا میپ

زیارت میں ایک لاکھ ستر ہزار ایکڑ زمین جنگلات کا انتقال کیا گیا، کوئٹہ میں بھی غیر قانونی سیٹلمنٹ کا سلسلہ جاری ہے

**خیبر پشتونخوا اور جنوبی پشتونخوا میں جاری دہشتگردی نے وطن کا امن تباہ کرکے رکھ دیا ہے، مقررین کا شمولیتی تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ہنہ اوڑک علاقائی یونٹ کے زیر اہتمام شمولیتی پروگرام علاقائی سیکرٹری صادق کاکڑ کی صدارت میں ہوا۔ جس سے ڈپٹی چیئرمین عبدالرؤف لالا، مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، صوبائی رابطہ سیکرٹری گل مکی، صوبائی لیبر سیکرٹری حبیب الرحمن بازئی، ضلع ایگزیکٹیوز ملک اعظم بازئی، سابق ڈسٹرکٹ کونسل رکن خان زمان کاکڑ اور تحصیل صدر کے صدر نعیم پیر علیزئی و دیگر نے شرکت کی۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض تحصیل اطلاعات سیکرٹری فتح اللہ کاکڑ نے انجام دیئے تقریب میں عبدالمطلب بمع خاندان، عبدالواحد، نصیب اللہ خان، احسان اللہ، نور اللہ، شمس اللہ، ذوہیب اللہ، نوید اللہ، محسن اللہ، محب اللہ، مقبول احمد، امین اللہ، بشیر احمد، محمد رضوان، ......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

عبدالرزاق، نجیب اللہ اور احسان اللہ نے پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا۔ اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پشتون قومی حقوق کے حصول تک موجودہ اذیت ناک صورتحال سے نجات ناممکن ہے اور حقوق کے حصول کیلئے بہترین راستہ سیاسی و جمہوری جدوجہد ہے۔ باجوڑ، وزیرستان، خیبر پشتونخوا، اور جنوبی پشتونخوا میں جاری دہشتگردی نے پشتونخوا وطن کا امن تباہ کرکے رکھ دیا ہے۔ زیارت میں ایک لاکھ ستر ہزار ایکڑ زمین جنگلات کا انتقال کیا گیا۔ کوئٹہ میں بھی غیر آئینی، غیر قانونی سیٹلمنٹ کا سلسلہ جاری ہے اپنی زمینوں، پہاڑوں، وسائل اور معدنیات کی حفاظت کے لیے قوم کو اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کی درست قومی سیاسی جمہوری پالیسیوں کے بدولت آج عوام جوق در جوق پارٹی میں شمولیت کا اعلان کر رہے ہیں۔ پارٹی چیئرمین ملی مشر محمود خان اچکزئی ملک میں آئین کی بالادستی، ہر ادارے کو آئینی دائرہ کار میں اپنے فرائض سرانجام دینے کے لیے تحریک تحفظ آئین پاکستان جیسی جمہوری تحریک کی سربراہی کر رہے ہیں۔ جس کی کامیابی کیلئے ہر کارکن کو محنت کرنا ہوگی۔ انہوں پیکا ایکٹ سے صحافیوں کی آزادی سلب کردی گئی، SIFC جیسے غیر آئینی غیر قانونی ادارے کا قیام اور مائنز و منرلز ایکٹ کے ذریعے عوام کی زمینوں، وسائل، معدنیات پر قبضہ کا سلسلہ جاری ہے۔ ملک میں بدترین مہنگائی، سخت ترین بیروزگاری ہے، تعلیم صحت، زراعت سمیت ہر شعبے کو تباہی سے دوچار کردیا گیا ہے۔ بجلی، گیس، پینے کے صاف پانی ناپید ہوچکا ہے۔ آخر میں مقررین نے ہنہ اوڑک علاقائی یونٹ کو خراج تحسین پیش کیا جو تنظیمی فعالیت کیلئے بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔

# بذریعہ سڑک زیارتوں پر پابندی مسترد، آج 90 بسوں پر مشتمل قافلہ ایران روانہ ہوگا، ایم ڈبلیو ایم کا اعلان

60 ہزار ویزے جاری کرکے عین وقت پر پابندی لگانا سمجھ سے بالاتر ہے امن و امان کو بہانہ بنا کر ٹال مٹول سے کام لیا جارہا ہے

**قافلہ روکنے کی کوشش کی گئی تو تمام تر ذمہ داری صوبائی اور وفاقی حکومت پر عائد ہوگی، علامہ ولایت حسین جعفری کی پریس کانفرنس**

کوئٹہ (آن لائن) وحدت مسلمین کے نائب صدر علامہ ولایت حسین جعفری اور شیعہ علماء کونسل کے مولانا دبیر حسین نے شیعہ زائرین کو زمینی راستے سے زیارتوں پر پابندی کے حکومتی فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اس اقدام سے زائرین میں شدید تشویش پائی جاتی ہے 60 ہزار ویزے جاری کرکے عین وقت پر پابندی سمجھ سے بالاتر ہے امن و امان کو بہانہ بنا کر ٹال مٹول سے کام لیا جارہا ہے۔ ہم اعلان کرتے ....... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

ہیں کہ آج 90 بسوں پر مشتمل کا قافلہ ایران روانہ ہوگا اگر ہمیں روکنے اور نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی تو تمام تر ذمہ داری صوبائی اور وفاقی حکومت پر عائد ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ اس موقع پر ساجد حسین، خادم حسین سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ایران میں اجلاس کے دوران پاکستانی حکام نے زائرین کو سہولیات دینے کی بات کی اور 10 روز بعد وزیر داخلہ نے ایک نوٹ کے ذریعے زمینی سفر پر پابندی لگادی جس کو زائرین کسی سے قبول نہیں کریں گے آئین تمام مذاہب اور مسالک کو قانونی و مذہبی حق دیتا ہے اس سے کسی صورت پیچھے نہیں ہٹیں گے کراچی، پاراچنار سمیت ملک بھر سے قافلے کوئٹہ آنا شروع ہوگئے ہیں زائرین پر پابندی کے فیصلے کو مختلف مذہبی قوم پرست اور دیگر جماعتوں نے مسترد کرکے زائرین کی خدمت اور سبیلیں لگانے کا بیان دیا ہے جس کو ہم سراہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بسوں کا کرایہ 50 ہزار اور دیگر اخراجات سمیت فی بندہ پر 1 لاکھ 20 ہزار سے زائد خرچہ آتا ہے۔ ہوائی جہاز کا ٹکٹ 2 لاکھ روپے جوکہ غریب زائرین استطاعت نہیں رکھتے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ کوئی بھی زائرین غیر قانونی طریقے سے ایران، عراق میں غائب نہیں ہوتے اگر وہ غائب ہوجاتے ہیں تو یہ وہاں کے حکومت کا کام ہے کہ انہیں واپس ملک بھیج دیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 07 AUG 2025 Page No. 12


## مستونگ: فتنہ الہندوستان کے حملے میں میجر سمیت 3 جوان شہید، 4 دہشتگرد ہلاک

**فورسز کی گاڑی کو ایک دیسی ساختہ بم کے ذریعے نشانہ بنایا گیا، آئی ایس پی آر، دہشتگردی کے ہر واقعے کا حساب لیا جائے گا، وزیر اعلیٰ بگٹی**

راولپنڈی / کوئٹہ (جنگ نیوز / ع ن) بلوچستان کے علاقے ضلع مستونگ میں فتنہ الہندستان کے دہشتگردوں کے بم حملے میں میجر سمیت 3 سیکورٹی اہلکار شہید ہو گئے جبکہ فورسز کے کلیئرنس آپریشن میں 4 دہشتگرد ہلاک کر دیے گئے آئی ایس پی آر کے مطابق بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے دہشت گرد گروہ فتنہ الہندستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں نے مستونگ ضلع میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی کو ایک دیسی ساختہ بم کے ذریعے نشانہ بنایا۔ اس بزدلانہ حملے کے نتیجے میں، وطن کے تین بہادر سپوت شہادت کے عظیم رتبے پر فائز ہو گئے۔ شہداء میں میجر محمد رضوان طاہر، نائیک ابن امین، لانس نائیک محمد یونس شامل ہیں۔ میجر رضوان شہید ایک نڈر اور فرض شناس افسر تھے، جنہوں نے کئی انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں میں حصہ لیا اور ہمیشہ اپنی ٹیم کی قیادت فرنٹ سے کی۔ واقعے کے بعد علاقے میں فوری کلیئرنس آپریشن کیا گیا جس کے دوران چار بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا گیا۔ علاقے میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سرچ اور کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ سیکیورٹی فورسز وطن عزیز سے بھارتی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پرعزم ہیں۔ ہمارے بہادر جوانوں کی عظیم قربانیاں ہمارے عزم کو مزید مضبوط بناتی ہیں۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی گاڑی پر ہونے والے بم حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردی قرار دیا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ بزدلانہ کارروائی نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے امن اور استحکام پر حملہ ہے لیکن دشمن کے مذموم عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے انہوں نے کہا کہ میجر رضوان طاہر، نائیک ابن امین اور لانس نائیک محمد یونس جیسے بہادر سپوتوں نے مادر وطن کے تحفظ کی خاطر اپنی جانیں قربان کیں، پوری قوم ان کی مقروض ہے اور ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہمارے جوانوں کی شہادتیں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی دشمن کو ہر محاذ پر منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے ہر واقعے کا حساب لیا جائے گا اور معصوم جانوں کے قاتلوں کو انجام تک پہنچایا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کی سرزمین پر خونریزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پوری قوم اپنے شہداء کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کے اہل خانہ کو کبھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ حکومت بلوچستان شہداء کے خاندانوں کی ہر ممکن دیکھ بھال اور معاونت کو یقینی بنائے گی۔


MASHRIQ QUETTA


## خضدار پولیس کی کارروائی، گاڑی سے 10 کلو آئس برآمد، ملزم گرفتار

**کارروائی مخبر کی اطلاع پر کوئٹہ کراچی شاہراہ پر زیرو پوائنٹ کے مقام پر عمل میں لائی گئی، ایس ایچ او**

خضدار (ع ن) پولیس 10 کلو گرام شیشہ (آئس) برآمد کر کے بین الصوبائی اسمگلر گرفتار کر لیا، گاڑی قبضے میں لے لی گئی تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او خضدار سٹی عبداللہ چندرانی کے مطابق مخبر خاص کے اطلاع پر کراچی کوئٹہ قومی شاہراہ پر زیرو پوائنٹ کے قریب کارروائی کرتے ہوئے ایک ریو گاڑی کی پچھلے سیٹ کے نیچے خفیہ خانوں ........


بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر


سے 10 کلو گرام آئس برآمد کی گئی کارروائی کے دوران ایک ملزم کو حراست میں لے لیا گیا ہے ملزم کی شناخت محمد یوسف کے نام سے ہوئی۔ جس کیخلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ آئی جی بلوچستان، ڈی آئی جی قلات رینج عبدالحمید کھوسہ اور ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر کی ہدایات پر منشیات کے خلاف ایک ٹیم تشکیل دی گئی ہے جو مسلسل کارروائیاں عمل لارہی ہے۔ منشیات کے خلاف عوام کے تعاون کے ساتھ کام کر رہے ہیں اس موقع پر ایس ایس پی خضدار نے ایس ایچ او خضدار سٹی، سی آئی اے انچارج اور انکی ٹیم کو بہترین کارروائی پر سرٹیفکیٹ اور نقد انعام سے بھی نوازا۔

## شہریوں سے کسٹم کے نام پر رقم بٹورنے والا جعلی افسر گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کسٹم یارو چیک پوسٹ کے اہلکاروں نے شہریوں سے کسٹم کے نام پر ہزاروں روپے لوٹنے والے جعلی افسر کو لیویز کے حوالے کر دیا لیویز کے مطابق یارو کسٹم چیک پوسٹ کے انچارج رانا خرم کامران نے دیگر عملے کے ہمراہ دوران چیکنگ جعلی کسٹم افسر رفیع اللہ کو گرفتار کر کے لیویز تھانہ یارو کے حوالے کر دیا لیویز نے بتایا کہ گرفتار ملزم سے ایک ٹی ٹی، موبائل فونز اور دیگر اشیا قبضے میں لے کر مقدمہ درج کر لیا گیا گرفتار ملزم نے دو شہریوں سے کسٹم کے نام پر 50 ہزار روپے وصول کیے تھے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 07 AUG 2025 Page No. 13


## ہزارگنجی کمرشل زون بجلی کی لوڈشیڈنگ سے کاروبار متاثر، تاجر و مکین پریشان

بجلی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 15 گھنٹے سے بھی تجاوز کر چکا ہے، کرایہ اور ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی مشکل ہو گئی ہے

بے روزگاری سے معاشی ابتری میں اضافے کا خدشہ ہے، غلام حسین لہڑی، ہاشم کرد، حافظ اسامہ، وڈوری ... سے بات چیت

[illegible]



[illegible]

INTEKHAB QUETTA

## پنجگور بنیادی سہولیات کا فقدان، امن و امان کی بگڑتی صورتحال

شہری مشکلات سے دوچار، نہ گیس کی سہولیات نہ پینے کے پانی نہ صحت کی سہولیات، نیٹ و پی آئی اے فلائٹ سروس معطل

پنجگور (خصوصی رپورٹ) پنجگور میں بنیادی سہولیات کے فقدان اور امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کی وجہ سے شہریوں کو پریشانیوں کا سامنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پنجگور میں بنیادی سہولیات اور ضروریات زندگی نہ ہونے اور امن و امان کی صورتحال کے پیش نظر پنجگور کے شہری مشکلات سے دوچار ہیں پنجگور میں نہ گیس کی سہولیات نہ پینے کے پانی نہ صحت کی سہولیات موجود ہیں پنجگور میں نیٹ سروس پی آئی اے کے فلائٹ سروس معطل ہیں اس سلسلے میں عوامی نمائندوں نے بھی خاموشی اختیار کیا ہوا ہے نہ زراعت کے فروغ پر توجہ دی گئی ہے نہ صحت کے مسائل حل ہوئے ہیں لوگ پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں لوکل سڑکیں ناقابل استعمال ہو گئے ہیں تعلیمی اداروں کی حالت انتہائی ناگفتہ بہ ہیں امن و امان کی صورتحال اتنی گھمبیر شکل اختیار کر گیا ہے کہ پنجگور کے شہری [illegible] پالیسی پر گامزن ہیں ضلعی انتظامیہ چیک پوسٹوں پر بھتہ خوری تک محدود ہے چیک پوسٹوں کی کارکردگی نہ ہونے کے برابر ہے سابق دور حکومت میں بارڈر کو ٹوکن اسمگلر سسٹم سے منسلک کر کے عام عوام کے روزگار کے دروازے بند کر دیئے گئے سیاسی جماعتوں نے صرف اپنے جیالوں اور پارٹی ورکرز میں اسمگلر ٹوکن کی بندر بانٹ کی جبکہ عام عوام کو اسمگلر ٹوکن سے محروم رکھا گیا پنجگور میں روزگار عام سے چند پوسٹ آتے ہیں وہ بھی سیاسی وابستگی کی بنیادوں پر تقسیم ہو جاتے ہیں عام نوجوان ٹیسٹ اور انٹرویو دیتے ہوئے اب اور تنگ ہو گئے ہیں مگر سرکاری ملازمتیں کہیں نہیں دوسری جانب بارڈر کا بھی یہی حال ہے عام لوگوں کے لیے روزگار کے دروازے بند کئے گئے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 07 AUG 2025

Page No. 14


## کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں یوم استحصال کشمیر کی مناسبت سے ریلیاں

وفاقی وزرا نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر بھارت کے 5 اگست 2019 کے یک طرفہ اور غیر قانونی اقدامات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کشمیری عوام سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ بھارت کا اصل چہرہ بے نقاب ہو چکا ہے، پاکستان کا ہر شہری کشمیریوں کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑا ہے، کشمیری عوام کے عزم، استقامت، قربانیوں اور جذبہ آزادی کو سلام پیش کرتے ہیں، عالمی برادری کشمیریوں کو ان کا جائز حق خودارادیت دلوانے میں موثر کردار ادا کرے۔ 5 اگست کا دن تاریخ کا سیاہ ترین دن بن چکا ہے جب بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرکے کشمیریوں سے ان کے بنیادی حقوق چھین لئے، پاکستان مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت ہمیشہ جاری رکھے گا۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت ملنا چاہئے، انہوں نے کہا کہ پاکستان مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت ہمیشہ جاری رکھے گا، بھارتی حکومت بری طرح بے نقاب ہو چکی ہے۔ مقبوضہ کشمیر کے نہتے عوام پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑے جا رہے ہیں اور بھارت وہاں ناجائز قبضہ برقرار رکھے ہوئے ہے، انہوں نے کہا کہ پوری دنیا نے مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں دیکھی ہیں اور بھارت کا اصل چہرہ عالمی برادری کے سامنے آ چکا ہے۔ انہوں نے بھارتی اقدامات اور بھارت کی مسلسل جارحیت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا ہر شہری کشمیر کو اپنی شہ رگ سمجھتا ہے، کشمیری بھائیوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے اس دعا اور امید کا اعادہ کیا کہ بھارت کا غاصبانہ اقدام جلد واپس ہو گا اور کشمیری عوام کو ان کے حقوق ضرور ملیں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ مودی سرکار نے مقبوضہ کشمیر کو انسانی حقوق کا قبرستان بنا دیا۔ یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں وفاقی وزیر داخلہ نے کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کا دن مقبوضہ جموں و کشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے جب بھارت نے کشمیریوں کے آئینی حقوق پر شب خون مارا اور ریاست کی خصوصی حیثیت کو ختم کرکے اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی کی۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ مودی سرکار نے دباؤ، جبر اور طاقت کے ذریعے کشمیریوں کی شناخت، آزادی اور جمہوری حقوق سلب کیے، وادی میں ظلم و ستم، ماورائے عدالت قتل، میڈیا بلیک آؤٹ، اظہار رائے پر قدغنیں اور طویل کرفیو نے مقبوضہ کشمیر کو انسانی حقوق کا قبرستان بنا دیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا ہے کہ بھارت نے نئے ڈومیسائل قانون کے تحت لاکھوں ہندو باشندوں کو وادی میں لا کر آباد کیا جس کا مقصد کشمیری مسلمانوں کو اقلیت میں تبدیل کرنا ہے جو ایک منظم آبادیاتی جارحیت ہے۔ محسن نقوی نے عالمی برادری کی بے حسی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر کا بحران انسانی ضمیر اور اقوام عالم کے دعوؤں کا امتحان ہے، بھارتی حکومت نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ثالثی کی مخلصانہ پیشکش کو بھی سختی سے رد کیا جو اس کے ہٹ دھرمی پر مبنی رویے کی واضح مثال ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے خبردار کیا کہ بھارت کے یکطرفہ اقدامات نہ صرف خطے کے امن و استحکام کے لیے خطرہ ہیں بلکہ جنوبی ایشیا کو ایک بڑے تصادم کی طرف دھکیل سکتے ہیں، مسئلہ کشمیر فوری بین الاقوامی توجہ اور موثر اقدامات کا متقاضی ہے۔ محسن نقوی نے نہتے کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام غیر قانونی اور غیر انسانی حربوں کے باوجود حوصلے اور عزم کے ساتھ آزادی کی شمع کو روشن رکھے ہوئے ہیں، انہوں نے اعادہ کیا کہ پاکستان کا بچہ بچہ کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑا ہے اور پاکستان ہر بین الاقوامی فورم پر کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران انجینئر امیر مقام نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی بیان میں کہا ہے کہ 5 اگست 2019 بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، انہوں نے کہا کہ اسی روز بھارت نے کشمیری عوام کی مرضی کے برخلاف مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرکے اسے دو نام نہاد یونین ٹیریٹریز میں تقسیم کر دیا، جو بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے سراسر منافی ہے۔ انجینئر امیر مقام نے بھارت پر الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری مسلمانوں کو اقلیت میں بدلنے کی کوشش کی جا رہی ہے، جس کے لیے انتخابی حلقہ بندیوں کی تبدیلی، غیر کشمیریوں کو ڈومیسائل دینے اور زمینوں کی ملکیت کا حق دینے جیسے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ بھارتی قابض فورسز کو انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں، املاک کو تباہ کرنے اور ہزاروں کشمیری رہنماؤں اور کارکنوں کو بلاجواز قید رکھنے کی کھلی چھوٹ دی گئی ہے۔ وہ بھارت کے ان غیر قانونی اقدامات کا نوٹس لیں، سیاسی قیدیوں کی رہائی کو یقینی بنائیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 07 AUG 2025 Page No. 15

# Encouraging youth

Balochistan, known for its mineral resources, is also a reservoir of immense untapped sporting talent. Across its vast and often remote landscapes, countless young individuals possess an innate flair for sports, particularly in disciplines like cricket, football, boxing, and martial arts. Their raw potential, however, remains largely dormant, stifled by a glaring absence of basic sports facilities. This critical oversight not only deprives these talented youth of a chance to shine but also robs Balochistan and Pakistan of future champions and positive role models. The heart of the problem lies in the stark reality faced by aspiring athletes in the far-flung areas of the province. While passion and natural ability abound, the fundamental infrastructure required to nurture and hone these talents is conspicuously missing. Grounds are often non-existent or inadequate, lacking proper surfaces and maintenance. Qualified coaches, who are essential for technical guidance and mentorship, are a rarity. Furthermore, the absence of dedicated sports academies means there are no structured pathways for systematic training, skill development, and competitive exposure. Consequently, for many, the dream of making sport a formal career remains just that a dream, unattainable due to a lack of opportunity. Sports offer a vital outlet for youth, promoting physical health, discipline, teamwork, and a sense of purpose. In areas where opportunities are scarce, the absence of sports facilities can leave a vacuum, potentially leading to disengagement or involvement in less constructive activities. Moreover, the failure to invest in these talents means Balochistan misses out on the positive recognition and pride that successful athletes can bring to their province and country. It is therefore imperative that both the Provincial Government of Balochistan and federal sports academies recognize this urgent need and take decisive action. A comprehensive strategy is required to address the deficit in sports infrastructure and support. This must begin with a significant increase in funding allocated specifically for sports development in Balochistan, particularly in its remote districts. Increased funding must be accompanied by transparent and impartial mechanisms for its utilization. Establishing well-resourced sports academies, staffed by certified coaches and trainers, is paramount. By paying extraordinary focus on the sports sector, increasing funding, and ensuring its transparent and impartial use, the government can transform the lives of countless young. Empowering these talented individuals to exhibit their full potential will not only bring them personal success and a formal career in sports but will also elevate the reputation of Balochistan and Pakistan on national and international stages. Investing in youth sports is an